PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# زمبابوے کے خلاف سیریز کے لیے عبداللہ شفیق سمیت 22رکنی ممکنہ اسکواڈ کا اعلان

- آئی سی سی مینز کرکٹ ورلڈکپ سپر لیگ دراصل ورلڈکپ کا کوالیفائنگ راؤنڈ ہے لہٰذا پاکستان اپنے ایک روزہ انٹرنیشنل اسکواڈ میں زیادہ تبدیلیاں نہیں کرنا چاہتا
- چیف سلیکٹر اور ہیڈ کوچ نے ٹی ٹونٹی اسکواڈ میں نوجوان کھلاڑیوں کو متواتر موقع دینے کی حمایت کردی
- محمد رضوان ہماری فرسٹ چوائس ہیں، سرفراز احمد کو قائداعظم ٹرافی کھیلنے کا کہا گیا ہے تاکہ وہ دورہ نیوزی لینڈ کی سلیکشن کے لیے دستیاب ہوں، مصباح الحق
- عبداللہ شفیق، حیدر علی اور خوشدل شاہ جیسے نوجوان کھلاڑیوں کو ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچوں میں زیادہ مواقع دینے کی غرض سے شعیب ملک کو ڈراپ کیا گیا ہے
- حسن علی اور نسیم شاہ کو اپنی فٹنس ثابت کرنے کے لیے قائداعظم ٹرافی کھیلنے کی ہدایت جاری

**لاہور،19 اکتوبر 2020ء:**

قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ اور چیف سلیکٹر مصباح الحق نے زمبابوے کے خلاف ایک روزہ اور ٹی ٹونٹی سیریز کے لیے پاکستان کے 22رکنی ممکنہ اسکواڈ کا اعلان کردیا ہے۔ انہوں نے پچاس اوورز پر مشتمل فارمیٹ میں تجربہ کار کھلاڑیوں اور ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچوں میں نوجوان کھلاڑیوں کو موقع دینے کی غرض سے اسکواڈ کا انتخاب کیا ہے۔

پاکستان نے گزشتہ 12 ماہ سے کوئی ون ڈے انٹرنیشنل میچ نہیں کھیلا۔ ایک سال بعد کھیلی جانے والے ون ڈے سیریز آئی سی سی مینز کرکٹ ورلڈکپ سپر لیگ کا حصہ ہے۔ یہ لیگ آئی سی سی مینز کرکٹ ورلڈکپ 2023 کا کوالیفائنگ راؤنڈ بھی ہے۔

لاہور میں شیڈول تین ٹی ٹونٹی میچوں کے لیے اسکواڈ کا انتخاب کرتے وقت نوجوان کھلاڑیوں کو متواتر مواقع دینے کا فیصلہ کیا گیا۔

سلیکٹرز نے سنٹرل پنجاب کے 20 سالہ عبداللہ شفیق کو ممکنہ اسکواڈ میں شامل کیا ہے۔ نوجوان بیٹسمین نے نیشنل ٹی ٹونٹی کپ 2020 میں 133 کے اسٹرائیک ریٹ سے 358 رنز بنائے تھے۔ عبداللہ شفیق کو اپنے فرسٹ کلاس اور ٹی ٹونٹی ڈیبیو میں سنچری بنانے کا اعزاز حاصل ہے۔

شعیب ملک کی جگہ عبداللہ شفیق کو شامل کرنے کے ساتھ ساتھ سلیکٹرز نے محمد رضوان کے بیک اپ کے طور پر روحیل نذیر کو ممکنہ اسکواڈ کا حصہ بنایا ہے۔ دورہ انگلینڈ کے لیے قومی اسکواڈ میں شامل سرفراز احمد کو 25 اکتوبر سے شروع ہونے والی قائداعظم ٹرافی میں شرکت کا کہا گیا ہے تاکہ دورہ نیوزی لینڈ سے قبل وہ مکمل طور پر اپنی فارم بحال کرسکیں۔

اسی طرح فاسٹ باؤلر محمد عامر اور عثمان شنواری کی جگہ حارث رؤف، محمد حسنین اور موسیٰ خان کو صلاحیتوں کے اظہار کا موقع دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

انجری کی وجہ سے حسن علی اور نسیم شاہ کی سلیکشن پر غور نہیں کیا گیا تاہم دونوں کھلاڑیوں کو قائداعظم ٹرافی میں شرکت کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ ان کی فٹنس کا جائزہ لیا جاسکے۔

**اسکواڈ:**

بابر اعظم (کپتان) اور شاداب خان (نائب کپتان)

بیٹسمین: عبداللہ شفیق، عابد علی، فخر زمان، حیدر علی، حارث سہیل، افتخار احمد، امام الحق، خوشدل شاہ اور محمد حفیظ

وکٹ کیپرز: محمد رضوان اور روحیل نذیر

اسپنرز: عماد وسیم، عثمان قادر اور ظفر گوہر

فاسٹ باؤلر: فہیم اشرف، حارث رؤف، محمد حسنین، موسیٰ خان، شاہین شاہ اور وہاب ریاض

## مصباح الحق، ہیڈ کوچ اور چیف سلیکٹر قومی کرکٹ ٹیم:

مصباح الحق نے کہا کہ نیشنل ٹی ٹونٹی کپ میں نوجوان کھلاڑیوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا، اندازہ ہے کہ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کچھ کھلاڑی ممکنہ اسکواڈ میں اپنانام نہ دیکھ کر مایوسی کا شکار ہوئے ہوں گے تاہم انہیں یقین دلاناچاہتاہوں کہ دورہ نیوزی لینڈ کے لیے ان کی سلیکشن پر غور کیاجائے گا۔

چیف سلیکٹر نے کہا کہ ہماراموجودہ ٹی ٹونٹی اسکواڈ پہلے ہی نوجوان کھلاڑیوں پر مشتمل ہے اور ہم نے انہی کھلاڑیوں کو مزید اعتماد دینے کا فیصلہ کیاہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ ایک روزہ انٹرنیشنل اسکواڈ میں زیادہ تبدیلیاں نہ کرنے کا مقصد آئی سی سی مینز کرکٹ ورلڈکپ سپر لیگ میں قیمتی پوائنٹس حاصل کرنا ہے کیونکہ یہ ایونٹ آئی سی سی مینز کرکٹ ورلڈکپ 2023 کا کوالیفائنگ راؤنڈ بھی ہے۔

مصباح الحق نے کہا کہ ہم نے شعیب ملک اور سرفراز احمد کی جگہ نوجوان کھلاڑیوں کو اسکواڈ میں جگہ دی ہے لیکن اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ ان کے کیریئر ختم ہوگئے ،اسی طرح ہم نے عثمان شنواری اور محمد عامر کی جگہ محمد حسنین، حارث رؤف اور موسیٰ خان جیسے نوجوان کھلاڑیوں کو متواتر موقع دینے کا فیصلہ کیاہے۔

مصباح الحق نے کہا کہ وائٹ بال کرکٹ میں محمد رضوان ہماری فرسٹ چوائس ہیں اور مستقبل کے پیش نظر ہم نے ان کی جگہ روحیل نذیر کو بطور بیک اپ ممکنہ اسکواڈ میں شامل کیاہے۔

ممکنہ اسکواڈ میں شامل تمام کھلاڑیوں کے کوویڈ19 ٹیسٹ 21 اکتوبر کو لیے جائیں گے۔اس دوران پانچ روزہ آئسولیشن مدت کے دوران کھلاڑی قذافی اسٹیڈیم لاہور میں پریکٹس کریں گے،اسکواڈ 26 اکتوبر کو راولپنڈی روانہ ہوگا۔

## سیریز کا شیڈول:

تیس اکتوبر: پہلا ایک روزہ میچ، راولپنڈی

یکم نومبر: دوسرا ایک روزہ میچ، راولپنڈی

تین نومبر: تیسرا ایک روزہ میچ، راولپنڈی

سات نومبر: پہلا ٹی ٹونٹی میچ، لاہور

آٹھ نومبر: دوسرا ٹی ٹونٹی میچ، لاہور

دس نومبر: تیسرا ٹی ٹونٹی میچ، لاہور

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

**HELP PREVENT CORONAVIRUS**




National Team Partners

Domestic Partners



www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4